ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (08)

04.01.2023

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی جاری ایک ہی روز میں 20 ملزمان گرفتار، 130 لیٹر دیسی شراب و لہن 70 لیٹر معہ چالو بھٹی، 02 کلو گرام چرس، 05 عدد پسٹل 30 بور اور 02 عدد پسٹل 9mm، تیز ڈرائیونگ کرتے ہوئے 06 ملزمان اور پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کا 01 ملزم گرفتار، مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب محمد عامر ذوالفقار کی پالیسی " جرائم سے پاک معاشرہ '' اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کر لی۔تھانہ سٹی یزمان اور قائمپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 130 لیٹر دیسی شراب و لہن 70 لیٹر معہ چالو بھٹی برآمد کر لی۔تھانہ کوتوالی اور کینٹ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 02 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ کینٹ، نوشہرہ جدید، کوتوالی اور سمہ سٹہ پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 02 عدد پسٹل 9mm برآمد کر لیے۔تھانہ سمہ سٹہ اور بغداد الجدید پولیس نے تیز ڈرائیونگ کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کیا۔اس کے علاوہ تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور: پولیس کا پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی جاری ایک ہی روز میں 20 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(09)

04-01-2023

**بہاول پور()پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ ماہ دسمبر 2022ء، 5399 شہری پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور پر پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، ایک چھت تلے FIR کے اندراج کی درخواست سمیت شہریوں کی آسانی اور کسی بھی دشواری کا سامنا کیے بغیر پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کیے جا رہے ہیں۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی "پبلک سروس پالیسی" کے سپرٹ کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی سربراہی میں پولیس خدمت مراکز کی پرفارمنس کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے، حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا خدمت مراکز میں سروسز کے حوالے سے بہت کلیئر ویژن ہے، خدمت مراکز کا مطلب ہی متعین شدہ وقت میں عوام کو سروسز دینا ہے۔جس کے تحت شہریوں کی آسانی کے لیے پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور اور پولیس موبائل خدمت مرکز کام کر رہی ہے، جہاں پر شہریوں کو FIR کے اندراج کی درخواست سمیت پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز فراہم کی جا رہی ہیں، انچارج پولیس خدمت مراکز بہاول غلام مرتضیٰ ASI اور ان کی ٹیم نے ماہ مارچ میں بہاول پور کے علاوہ تحصیل احمد پور شرقیہ اور حاصل پور میں پولیس خدمت مراکز شہریوں کو ایک چھت تلے مختلف سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ مارچ کے دوران ہزاروں خدمت مراکز میں پولیس سے متعلقہ دی جانے والی سروسز سے مستفید ہوئے۔ان سروسز میں 275 کریکٹر سرٹیفکیٹ، 95 ایف آئی آر کی کاپی، 186 کرایہ نامہ کا اندراج، 249 گمشدگی رپورٹ، 74 گاڑیوں کی ویریفیکیشن، 1337 جنرل پولیس ویریفکیشن، 1507 لرنر رینیول، 1075 ڈرائیونگ لائسنس رینیول، 24 ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس اور 33 انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس شامل ہیں۔ڈی پی او نے کہا ہے کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس محمد عامر ذوالفقار کے ویژن اور ہدایات کی روشنی میں خدمت کا یہ سفر جاری ہے۔شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، انہوں نے پولیس خدمت مراکز پر کام کرنے والے افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ وہ خدمت کے جذبے سے کام کرتے ہوئے شہریوں سے خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس





بہاول پور: پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ ماہ دسمبر 2022ء، 5399 شہری پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور پر پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (10)

04-01-2023

## انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب محمد عامر ذوالفقار کے ویژن کے مطابق پولیس ملازمان کی فلاح و بہبود اوران کے مسائل کے حل کے لیے سنئیر و جونئیر پولیس افسران کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ جاری۔ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور منیر احمد ضیاراؤ کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کے ہمراہ بہاولپور پولیس لائنز میں میٹنگ کا انعقاد کیا، ریجن بہاولپور کے 150 سے زائد سینئر و جونیئر پولیس افسران کی شرکت، ملازمان کو درپیش مسائل کے حوالے سے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔

بہاول پور( ) تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب محمد عامر ذوالفقار کے ویژن کے مطابق پولیس ملازمان کی فلاح و بہبود اوران کے مسائل کے حل کے لیے سنئیر و جونئیر پولیس افسران کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ جاری، ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور منیر احمد ضیاراو کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کے ہمراہ پولیس لائن میں اجلاس کا انعقاد کیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر عبادت نثار نے ریجنل پولیس آفیسر کو خوش آمدید کہا۔ ریجنل پولیس آفیسر کو پولیس لائن میں پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔جس کے بعد انہوں نے یادگارِ شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔انہوں نے پودا بھی لگایا۔اجلاس سے خطاب کے دوران انہوں نے افسران اہلکاران کے مسائل پوچھے۔آر پی او نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ملازمان کی ویلفیئر میری اولین ترجیح ہے۔جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔انہوں نے ویلفیئر کے نظام میں بہتری کیلئے اجلاس میں شامل پولیس افسران سے ان کی رائے بھی لی۔اجلاس میں ریجن بہاولپور کے ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کے علاوہ کثیر تعداد میں پولیس ملازمان نے شرکت کی۔اس دوران ریجنل پولیس آفیسر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملازمان کی ویلفئیر میرے لئے اولین ترجیح ہے۔ریجنل پولیس آفیسر نے مزید کہا کہ ڈسپلن پر نو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔کرپٹ اور بُرے کردار کے ملازم کی اس محکمہ میں کوئی جگہ نہیں، اس کے بعد ریجنل پولیس آفیسر نے ملازمان کے مسائل سنے اور جلد از جلد حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ریجنل پولیس آفیسر نے مزید کہا کہ ڈسپلن پر نو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔کرپٹ اور بُرے کردار کے ملازم کی اس محکمہ میں کوئی جگہ نہیں، اس کے بعد ریجنل پولیس آفیسر نے ملازمان کے مسائل سنے اور جلد از جلد حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور منیر احمد ضیاراؤ کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کے ہمراہ بہاولپور پولیس لائنز میں میٹنگ کا انعقاد کیا، یادگار شہداء پر حاضری، چاک و چوبند پولیس دستہ نے سلامی پیش کی